www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



(۳۱)

ماہنامہ "میثاق" اپریل ۸۲ء

مدیر :- ڈاکٹر اسرار احمد

ڈاکٹر اسرار احمد کے زیرادارت شائع ہونے والے ماہنامہ "میثاق" کی اشاعت بسلسلہ علامہ اقبالؒ زیر نظر ہے۔ اس اشاعت میں علامہ اقبالؒ کے فکر و فلسفہ پر پروفیسر محمد منور، ڈاکٹر ابصار احمد اور ڈاکٹر اسرار احمد کے رشحاتِ قلم شامل ہیں۔

مولانا امین احسن اصلاحی کی تفسیر "تدبر قرآن" بالاقساط "میثاق" میں شائع ہوتی ہے۔ زیرنظر شمارہ میں سورۃ کہف" کی آیات ۲۷ - ۴۹ کی تفسیر شامل ہے۔

(۳۲)

نام کتاب فضائل تہجد

تصنیف منظفر حسین مفتیٔ اعظم مظاہر علوم سہارنپور

صفحات ۱۲۸

طباعت عمدہ

قیمت ۳/۵۰ روپے

ملنے کا پتہ اسلامی اکادمی۔ اردو بازار۔ لاہور

مظاہر علوم سہارن پور کے شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نے فضائل نماز، فضائل رمضان اور فضائل صدقات وغیرہ لکھے جو آج تبلیغی نصاب کے طور پر پڑھے جاتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں مظاہر علوم سہارن پور کے مفتیٔ اعظم نے "فضائل تہجد" پر قلم اٹھایا۔ موصوف نے اس رسالے میں قرآن و سنت سے تہجد کی اہمیت اور فضائل پر روشنی ڈالی ہے اور صحابہ کرامؓ، تابعین اور مشائخ عظامؒ کے اقوال اور ان کی تہجد کے ایمان افروز واقعات نقل کیے ہیں جن سے روح کو بے پناہ فرحت اور شعور کو آمادگیٔ عمل حاصل ہوتی ہے۔ آخر میں تہجد کے آداب و احکام بیان کر دیے گئے ہیں۔

"فضائل تہجد" اپنی اہمیت کے پیش نظر تبلیغی نصاب کے تتمہ کا مصداق ہے۔

(ابوشاھد)

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ